PR NO 26

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے ایڈوائزر کی جنڈ میں کھلی کچہری

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

بجلی اور گیس کنکشن کے لئے رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کا حکم

اٹک (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا نے گزشتہ روز جنڈ ضلع اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ انہوں نے گیس کے کنکشن کے لئے 2018ء میں ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور کنکشن کے حصول کے لئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جنڈ ضلع اٹک میں آئیسکو اور نادرا کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کئے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

30 مئی 2024ء